TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_226496

UNIVERSAL
LIBRARY

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب فیض انتساب متضمن کمال آگاہی و مثبت اوامر
و نواہی حضرت الٰہی جل شانہ بہ تمین توفیقات ابدیہ و سرمدیہ مسمے بہ

جواہر الصمدیہ

فی احکام القرآنیہ

من تالیفات حاجی حرمین شریفین زادہما اللہ تعالیٰ شرفاً و تعظیماً مقبول بارگاہ احد محمد عبد الصمد
تحصیلدار آنسام علاقہ سرکار پٹیالہ خلف الرشید جناب فیض مآب منشی عبد الاحد صاحب مرحوم

در مطبع نولکشور واقع لاہور طبع شد

فہرست احکام متن جواہر الصمدیہ فی احکام القرآنیہ مؤلفہ حاجی عبد الصمد صاحب عفی اللہ عنہ

احکام	صفحہ	احکام	صفحہ
دیباچہ	۸	ملائکہ حاملان عرش عظیم	۴۶
تحمید باری تعالیٰ عز وجل	〃	ملائکہ حفظہ و قابض ارواح	〃
آیات تہلیل	۲۲	تعیین و نگہبانی کراماً کاتبین اعمال براست و چپ	۴۷
قرب حق از رگ جان و موجودی و معیت او ہر جا و ہر سو و نفی مثل او تعالیٰ	۲۶	مالک داروغۂ دوزخ	〃
		ملائکہ خزنۂ جہنم	〃
احکام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمان برداری اور پیروی کرنی اور اوپر درود بھیجنے کی اور نیز آیات شرف و فضائل و ادب و تعظیم و معجزات و خلق عظیم اوس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اور خبر رسالت اوس سرور صلی اللہ علیہ وسلم کی	۲۷	فرشتگان	〃
		نزول زبور بر داؤد علیہ السلام	〃
		نزول توریت بر موسیٰ ع	〃
		نزول انجیل بر عیسیٰ ع	〃
		نزول صحف بر ابراہیم ع	〃
آیات تطہیر و شرف و فضائل اہل بیت اطہار	۳۶	نزول قرآن مجید بر محمد صلی اللہ علیہ وسلم	〃
آیات تطہیر و شرف و فضائل اصحاب کبار و وعدۂ خلافت صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم	۳۷	محافظت اللہ تعالیٰ از زیادت و نقصان قرآن	〃
		ثبوت تحریف کتب سابقہ	〃
تعریف و ثبوت کرامات اولیاء اللہ		احکام قضا و قدر	۴۹
تکریم بنی آدم	〃	احکام رزق	۵۳
روح کی حقیقت	۴۱	نفی زوال نعمت تا تغیر	۵۵
نفس امارہ و لوامہ و مطمئنہ	〃	گردش ایام کا ثبوت	〃
آیات خدا در نفوس	〃	سختی کے بعد آسانی سا تہی	〃
عرض امانت خدا بر سما و ارض و حمل انسان آنرا	〃	چشم زخم کی تاثیر کا	〃
اخذ اقرار ربوبیت از ارواح بنی آدم روز میثاق	۴۳	جادو کی تاثیر کا ثبوت و حکم پناہ از شر ساحر و نفی فلاح ساحران	〃
احکام ایمان باللہ و ملائکہ و کتب الٰہیہ و انبیا و رسل و یوم آخرت و اتباع ملت ابراہیم ع کہ دین محمدی ع ملت ابراہیم حنیف ست و آنکہ دین خیر اسلام مقبول نیست	〃	خدا کی رحمت سے ناامید ہی اور اوسکے قہر سے بیباکی کفر ہے	۵۶
		علم غیب خدا کے سوا کسیکو نہیں مگر پیغمبر خدا کو بقدر تعلیم خدا	۵۷
عداوت خدا و ملائکہ و رسل و جبرئیل و میکائیل غرے	۴۶	احکام نہی شرک و تثلیث خدا	۵۸
		احکام و علامات منافقین	۶۲

احکام	صفحہ
ثبوت کفر و نفاق از کلمات کفر	۶۲
موت کے احکام	۶۳
اشارۂ سوال منکر و نکیر فی القبر و ثبوت عذاب قبر	۶۴
برزخ	〃
آثار قیامت	〃
وجود اور نزول عیسیٰ ؑ کا	〃
نکلنا یاجوج ماجوج کا	〃
نکلنا دابۃ الارض کا	۶۵
ظاہر ہونا دھوان آسمان سے	〃
پھونکا جانا صور کا	〃
احکام قیامت	〃
بعث بعد الموت	〃
تبدل زمین و آسمان	۶۶
حقیت میزان و وزن اعمال و حساب	〃
گذر بر پل صراط	۶۷
حوض کوثر	〃
اعراف	〃
مقدار یوم آخرت	〃
نامۂ اعمال مومنان بیمین و کفار بدست چپ پس پشت	〃
فیصلہ قضا بالحق باحضار گواہان و شہادت اعضا و جزای اعمال ہر خیر و شر ہر وزن قیامت	۶۸
شفاعت بالاذن	〃
احکام دخول و خلود مومنین در جنت مع آباء و ازواج و ذریات باایمان و فلاح و اوصاف مومنین و آیات مبشرات حور و غلمان وغیرہ نعمائے جنت	〃
دیدار خدا در آخرت و نفی ادراک بچشم دنیا	۷۵
خلود کفار و مشرکین و منافقین در نار	۷۶

احکام	صفحہ
نفی علم قیامت بجز خدا تعالیٰ و قرب قیامت	۷۶
احکام الاعمال والافعال	۷۷
احکام فضیلت علم و علماء	〃
احکام طلب علم و تفقہ فی الدین	〃
احکام فضیلت تعلیم	〃
احکام عبادت	۷۸
احکام اتباع شریعت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و استقامت بر امور شرع	۷۹
طہارت و تطہیر آب	〃
احکام غسل و طہارت و تیمم و وضو	〃
حکم غسل حیض و منع قربت قبل از طہارت	۰
احکام تطہیر ثوب و لباس و ستر عورت وقت نماز	〃
احکام استقبال قبلہ	۸۱
احکام اذان و ترک بیع وقت اذان جمعہ	〃
احکام نماز	〃
احکام نمازیان غافل و ریاکار	۸۶
احکام منع نماز و قیام بر جنازہ و قبر کافر	〃
احکام ذکر کثیر خداوند تبارک و تعالیٰ و ذکر خفی بلاجہر و منع غفلت	〃
احکام تسبیح	۸۷
احکام دعا و عدۂ اجابت	〃
احکام فضیلت تلاوت و استعاذہ و تدبر و ترتیل و سکوت و سماعت عند التلاوۃ قرآن مجید و منع مس قرآن بے طہارت سبحہ ۱۴	۸۸
احکام تنبیہ از مکر و تعوذ وقت وسوسۂ شیطان	۹۰
منع اتباع شیطان و لعنت خدا بر شیطان الرجیم و وعید جہنم بہ پیروان او	〃
احکام استغفار و توبہ	〃

احکام	صفحہ
منع استغفار واسطے کافرون اور مشرکون کے	۹۴
احکام عدم اعتبار توبہ وقت مرگ	〃
تھوڑا ہنسنے اور بہت رونے کا حکم	〃
احکام تعمیر مساجد بمؤمنین	〃
منع تعمیر مساجد از مشرکین	۹۵
حکم زینت عند المساجد	〃
منع قرب مشرکان مسجد حرام را کہ نجس اند	〃
منع تخریب مساجد و انسداد ذکر اللہ در آن	〃
ثبوت تعظیم مقام متبرکہ بخلع نعلین	۹۶
احکام زکوۃ	〃
احکام انفاق وصدقات و اعتاق و حصول	۹۸
عوض و بدل مرنفقہ از خدا و نہی زجر سائل	
مستحقین پوری کرنے کا حکم	۱۰۱
منع ابطال صدقہ بمن و اذی و ریا	〃
احکام منع بخل و منع گمان خیر بر مال بخیل	۱۰۲
منع اسراف و فضول خرچی	۱۰۳
منع و مذمت حب دنیا و فضیلت آخرت	〃
احکام صیام رمضان	۱۰۶
حکم اعتکاف	۱۰۷
احکام حج	〃
احکام احسان بوالدین و اقربا و یتامے و مساکین و ہمسایہ و رفیق و مسافر و مملوکات و فرمان برداری در رضای والدین در معروف نہ در شرک و آداب و تعظیم و تواضع والدین و دعا بحق والدین	۱۱۱
احکام تہذیب اخلاق	۱۱۲
امر امداد نیکی و نہی امداد بدی	۱۱۴
ثمرۂ سفارش نیک و بد	〃
حکم اعراض از جاہلان	〃

احکام	صفحہ
مجاہدہ کا حکم	۱۱۴
تزکیۂ نفس	۱۱۵
احکام تقوی	〃
احکام توکل	۱۲۰
احکام صبر	۱۲۲
احکام شکر	۱۲۳
رضا	۱۲۵
رضامندی خدا از شکر و ناراضی از کفر عباد	〃
منع خوف غیر از خدا	〃
احکام تجرت	〃
احکام جہاد و شہادت و غنیمت و جزیہ و فدیہ	۱۲۶
حکم خمس	۱۲۷
احکام فی	〃
احکام وعید مرتد و مستقتل کفر بشرط ایمان قلب	۱۲۸
احکام دعوت الی الخیر و امر معروف و نہی منکر	۱۲۹
احکام وعظ	〃
منع تنازع و تفرق در دین	۱۳۰
حکم و فضیلت مشورۃ	〃
حکم منع سر گوشی الا برائے اصلاح مردم	〃
احکام بیعت	〃
حکم جواز خطبۂ نساء یعنی منگنی	۱۳۱
احکام نکاح	〃
منع اکراہ بر زنان برای نکاح و وراثۃً و نہی منع نکاح طمعًا	۱۳۲
ذکر زنان محرمات	〃
منع نکاح از مشرک و مشرکہ	۱۳۳
منع نکاح مومن از زانیہ	〃
احکام مہر	〃
احکام مباشرت	۱۳۴

احکام صفحہ	صفحہ	احکام	صفحہ
احکام حاکمیت مرد بر زن و امر حسن معاشرت و تعلیم معاملہ با زنان نافرمان و منع داشتن زن بلا کا معلقہ و عدالت تا امکان	۱۳۵	احکام محرمات حیوانات مردار و لحم خنزیر و مذبوحہ بنام غیر اللہ و مخنقہ وغیرہ و ذبیحہ بر نصب	۱۴۹
		منع تعیین حصۂ زراعت و جانوران بنام غیر خدا	۱۵۰
احکام رضاعت و نفقہ و حق پرورش	۱۳۶	منع تغیر خلقت خدا	〃
احکام طلاق و رجعت و فلع	〃	منع اکل اموال بباطل و رشوت و ابلاغ بحکام	〃
احکام عدت مطلقات و حاملہ و متوفی	۱۳۸	احکام حرمت شراب و قمار و انصاب و ازلام	۱۵۱
حکم منع نکاح قبل عدت	۱۳۹	احکام حرمت سود	〃
حکم ایلاء	〃	احکام معاملۂ رہن یعنی قرض و رہن و تحریر دستاویز و مہلت بقرضدار مفلس تا توانگری	۱۵۲
حکم ظہار کے کفارہ کا	〃		
احکام وصیت	〃	احکام قرض حسنہ	۱۵۳
احکام ترکہ و میراث	۱۴۰	احکام ادائے امانت	〃
احکام اصلاح حال و خورد نوش یتیمان و دفع اموال یتیمان بعد بلوغ بشرط عقل و نہی زجر و فہرشان و منع اکل اموال ایشان الا ولی فقیر بوجہ معروف	۱۴۲	احکام وفائے عہود و عقود	〃
		منع وعدۂ فعل بدون انشاء اللہ	〃
		قسم اور اوسکی کفارہ و تحلیل کے احکام	〃
		احکام صدق مقال	۱۵۴
حکم عدم جواز متبنّی	۱۴۳	احکام شہادت یعنی گواہی	〃
نفی گناہ در خطا	〃	منع کتمان شہادت	۱۵۶
احکام پردہ و ستر حجاب و عفت و منع دخول بخانۂ غیر بے اجازت و استیذان مملوکان و نابالغان در سہ وقت و اعتبار بلوغ از احتلام	〃	منع اعتبار قول فاسق بلا تحقیق	
		احکام عدل و انصاف	〃
		منع وعید ظلم	〃
		انتقام ظالم و باغی و عفو	۱۵۸
احکام سلام	۱۴۵	احکام اجتناب کبائر و وعدۂ تکفیر صغائر بشرط اجتناب کبائر	〃
احکام اکل حلال و اکل و شرب و لباس و حلت مواشی وغیرہ جانوران و حلت ذبیحۂ اہل کتاب و شکار وغیرہ	۱۴۶	احکام بغاوت و صلح و اخوۃ مومنین	〃
		احکام قصاص و خون بہا و غیرہ فی القتل	۱۵۹
جواز زیور در وغیرہ	۱۴۸	منع خودکشی	۱۶۰
احکام حلت بیع و تجارت	〃	حد ڈکیتی و رہزنی	〃
احکام پورا کرنے ناپ اور تول کے	۱۴۹	جزائے سرقہ	۱۶۱
جواز انتفاع از جمیع ما فی الارض	〃	منع خیانت	〃

احکام	صفحہ
منع کی پیمایش وکم وزنی	۱۶۱
احکام زنان فاحشہ وحد زنا	۱۶۲
تعزیر فحش ملوکات	〃
منع حکم حرامکاری برکنیزان	〃
احکام حد قذف یعنی تہمت زنا وتعداد اربعۂ شہداے زنا ومسئلۂ لعان	۱۶۳
منع بہتان خطاے خود بر دیگرے	〃
منع لواطت یعنی اغلام	〃
منع گمان حق وخلط حق بباطل	۱۶۴
احکام منع کذب وافترا	〃
منع شہادت دروغ	۱۶۵
منع قول بے عمل	〃
منع حسد وحکم پناہ از شر حاسد	〃
منع کبر وغرور ومشابہت متکبر ومنع خرام بتجبتر	〃
منع رغبت ثناے دروغ خود	〃
منع ستایش خویش وخود پسندی	۱۶۶
حکم ظن خیر وتکذیب وقت تہمت مومنین ومنع بدگمانی	〃
حکم منع تجسس	〃
حکم منع غیبت مومن بجز مظلوم	〃
وعید خواہش شیوع فحش مسلمین	〃
حکم منع تمسخر مومن	〃
حکم منع عیب جوئی وسوء القاب	۱۶۷
منع اشاعت خلاف عیب جوی سخن چین مناع خیر ظالم بدروزشت خو نطفۂ ناتحقیق	〃
حکم منع فساد	〃
منع سبّ مشرکین	〃

احکام	صفحہ
احکام منع دوستی یہود وغیرہ کفار مستہزئین براسلام واظہار شدت عداوت یہود از اہل اسلام وتودد بعض نصاری واجازت مواصلت باکفار غیر مقاتل وغیر مخرجین	۱۶۸
حکم منع طرد مؤمنین بینوا از مجلس بپاسخاط کفار اہل عزت	۱۶۹
مکاتبہ کا حکم	۱۷۰
حکم آداب مجالس	〃
مذمت شعرا الا در امداد دین	〃
سواری اور اوسکی نیت اور سواری کے وقت پڑھنیکی تسبیح	〃
جواز تدبیر حفظ از چشم بد باتوکل برخدا	〃
جواز خادم گرفتن	۱۷۱
حکم طلب وسیلہ الی اللہ	〃
نفی تکلیف زائد از طاقت	〃
خدا کی کلام سنکر آنسو بہانا علامت ایمان ہے	〃
حکم عبرت	〃

تمام شد فہرست جواہر الصمدیہ
فی احکام القرآنیہ

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب فیض انتساب متضمن کمال آگاہی و مثبت
اوامر و نواہی حضرت الٰہی جل شانہ بہین توفیقات ابدیہ و سرمدیہ مسمے بہ

جواہر الصمدیہ

فی احکام القرآنیہ

من تالیفات حاجی حرمین شریفین ادہما اللہ تعالیٰ شرفاً و تعظیماً مقبول بارگاہ احد محمد عبد الصمد تحصیلدار
سنام علاقہ سرکار پٹیالہ خلف الرشید جناب فیض آب منشی عبد الاحد صاحب مرحوم

در مطبع نولکشور واقع لاہور طبع شد

أَعُوذُ بِالصَّمَدِ الْمَلِكِ الْمُعِينِ الْمُبِينِ مِنَ الشَّيْطَانِ اللَّعِينِ الْكَافِرِ الْمُرْتَدِّ الرَّجِيمِ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ای صمد واجب التعظیم وای احد کریم تیرے حمد کی لائق ہمارا منہ کہان اور تیری ثنا کی قابل ہماری زبان کہان بشر کی کیا تاب و طاقت کہ تیری تحمید کا حوصلہ کرسکے انسان کی کیا مجال کہ تیری خوبیون کو شمار مین لاسکے وَلَوْ أَنَّ مَا فِي الْأَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللهِ ابیات خداوندا ثنائے چونتو پاکے ؛ کی آید از زبان آب و خاکے ؛ تو یی کاول زخاکم آفریدی ؛ بفضلم زآفرینش برگزیدی ؛ بعزم حضرتت بردشتم پای ؛ اگر ره یاوه کردم راه نمای ؛ یکے را پای شکستی وخواندی ؛ یکے را بال و پر دادی و راندی ؛ ندانم تا من مسکین چه نامم ؛ زمقبولان مردودان کدامم ؛ اگر دیندار و رشهوت پرستم ؛ بیا مرزم بهر نوعے کہ ہستم ؛ تو یی کز فعل من فیضل تو بیش ست ؛ اگر رحمت کنی برجاے خویش ست ؛ چراغم را زفیض خویش ده نور ؛ سرم را زآستان خود کمن دور ؛ دل مست مرا ہشیار گردان ؛ زخواب غفلتم بیدار گردان ؛ چنان دارم کہ درنابود و در بود ؛ چنان باشم کزان باشی تو خشنود ؛ چنان خسپان چو آید وقت خوابم ؛ کہ گر نزدیک گلم ماند گلابم ؛ زبانم را چنان ران برشہادت ؛ کہ باشد ختم کارم برسعادت ؛ گناہم از کرم مغفور گردان ؛ بدیدارِ خودم مسرور گردان ؛ اور جواہر زواہر صلوات نثار روضۂ منور و مشہد معطر حضرت سید البشر شفیع روز محشر اور تحیات زاکیات بروح نازنین سید المرسلین خاتم النبیین سید السادات سند السعادات مقبول بارگاہ الٰہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رباعی ہر دل کہ زسر معرفت آگاہ ست ؛ بادیدۂ عنایتش ہمراہ ست ؛ نورے کہ زلا الٰہ الا اللہ ست ؛ تابان زمحمد رسول اللہ ست ؛ جسکے بیان اوصاف مین جوہر اول حیران ہی ایسے رسول محتشم و نبی اولوالعزم جنکا لعث باعث ہدایت گمراہان اور وجود باجود سبب رحمت عالم و عالمیان ہی بحکم وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِينَ ابیات سید دسرور محمد نور جان ؛ مہتر و بہتر شفیع مجرمان ؛ خضر وقتی غوث ہر کشتی تو یی ؛ رحمۃ للعالمینی یا نبی ؛ بے فروغت روز روشن ہم شب ست ؛ بے پناہت شیر شیراں ہم رب ست ؛ بخت یاور طالعم بیدار شد ؛ نام مہ ناصر آمد یار شد ؛ امین از شر امیران و وزیر ؛ در پناہ نام احمد مستجیر ؛ نام احمد چون حصارے شد حصین ؛ تا چہ باشد ذات آن روح الامین ؛ یا محمد لطف آمد عام تو ؛

بس بود مارا محمد نام تو ؛ احمد اجز تو شفیعم نیست کس ؛ یارسول اللہ بفریادم برس ؛ عاجز و درماندہ ام دستم بگیر ؛ نیست مارا جز تو دیگر دستگیر ؛ اور اونکے اہل بیت اطہار کی منقبت جنکے شان مین آیۃ تطہیر اِنَّمَا یُرِیْدُ اللّٰہُ لِیُذْھِبَ عَنْکُمُ الرِّجْسَ اَھْلَ الْبَیْتِ وَیُطَھِّرَکُمْ تَطْھِیْرًا ہ نازل ہوئی کماحقہ ادا ہونا ممکن نہین ایسا ہی اونکے اصحاب کبار رضوان اللہ تعالی عنہم اجمعین کی عظمت وشان کے اظہار کا قلم کو یارا نہین ؎ مایۂ صدق ومحض عدل واصل حیا وشیر حق ؛ خانۂ دین بدین ہمہ ہم بسجل وہم بچک ؛ بر فلک رسالتش راہ روان شرع را ؛ ہریک ازین چہار رکن آینہ آن شمر فرق ؛ ہر نفسے زجان من باد درود وافرہ ؛ تا نفس پسیدہ دم تحفۂ روح یک بیک ؛

اما بعد بندۂ عاصی پُرمعاصی امیدوار رحمت اللہ واحد احد حاجی حرمین محترمین شرفہما اللہ تعالی شرفاً عظیماً **محمد عبد الصمد** عفی عنہ الاحد خلف الرشید حضرت منشی **محمد عبد الاحد** صاحب ابن جناب شیخ **محمد سخی** صاحب ابن الابن حضرت **محمد عبد الصبور** صاحب غفر لہم اللہ الصمد بحق محمد وآل محمد مومنین ومسلمین کی خدمت مین عرض کرتا ہی چونکہ زمانہ ایسا آگیا ہی کہ لوگون کو دینیات کی طرف توجہ ورغبت بہت ہی کم ہی اللہ جل جلالہ عم نوالہ اور اوسکے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمان برداری نماز روزہ حج زکوۃ تلاوت قرآن مجید وغیرہ فرائض وواجبات وسنن ونوافل کے ادا کرنے مین لوگ اکثر سستی وکاہلی کرتے ہین اور اوس احکم الحاکمین کے اوامر سے غافل اور لاہی مین شاغل بلکہ ہمہ تن دنیاے فانی پر فریفتہ ومائل اوراس متاع الغرور مین مست ومخمور ہو رہے ہین مرنا یاد ہی نہین ہی اور اپنے اوس اقرار کو کہ بروز میثاق بجواب اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ بَلٰی کہ آئے ہین بھول گئے نہین جانتے بقول مولانا روم مثنوی ما درین دہلیز قاضی قضا ؛ بہر دعوئی الستیم بلی ؛ چون بلی گفتیم وآنرا زامتحان ؛ قول وفعل ما شہود ست وبیان ؛ زان بخواندند در اینجا تا کہ تو ؛ آن شہادت بدہی وناری عنو ؛ این نماز وروزہ وحج وجہاد ؛ ہم گواہی دادن ست از اعتقاد ؛ این نکات بدیہ وترک حسد ؛ ہم گواہی دادن ست از سرّ خود ؛ لاجرم دنیا مقدم آمدست ؛ تا بدانی قدر اقلیم الست ؛ اور یہ بھی فراموش کردیا کہ ہمنے کس بیباکی سے کیسی بھاری امانت کا بوجھ سر پر لیا ہی جسکے اُٹھانے سے آسمان وزمین ڈر گئے اور انکار کر گئے بقول حافظ شیرازی ؎ آسمان بار امانت نتوانست کشید ؛ قرعۂ فال بنام من دیوانہ زدند ؛ پس سخت افسوس کا مقام اور کمال عبرت کا محل ہی کہ جو ایسے عہد واقرار کے پابند اور ایسا بارگران سر پر لیئے ہوئے اور ایک سفر طویل ومہیب سامنے اور ذرہ ذرہ اعمال نیک وبد کے حساب ووزن کا سخت مشکل وقت درپیش اور عہد میثاق کے پورا نہونے کی گرفت اور مکافات عمل کا ہولناک اندیشہ پیش نظر رکھتے ہون اسطرح غفلت کی گہری نیند مین مسرور اور دنیا کی لہو ولعب وزینت وتفاخر وتکاثر اموال واولاد کے متاع قلیل اور شیطان ذلیل کی دام تزویر مین پھنسکر نعماے کثیر ولازوال دار القرار سے محروم اور آخرت کے عذاب شدید سے مستحق ہوجانے کی پرواہ نکرین غزل دیوان حضرت شیخ محی الدین ابو محمد عبد القادر جیلانی علیہ الرحمۃ

درجہان امروز بے پروا مباش ؛ فارغ از اندیشۂ فردا مباش ؛ کشتیٔ پیدا کن و بنشین درو
این ازغرقاب این دریا مباش ؛ بیخبر از نالۂ شبہا مشو ؛ غافل از احوال مظلوماں مباش ؛ درپئے
خود کن دعاگویاں نیک ؛ بد مکن با مردماں تنہا مباش ؛ دل بسے درجنت واخری مبند ؛ بے ہوائے
جنۃ الماوی مباش ؛ کار درویشاں وسکینان برآر ؛ یاد کن از مرگ و در دو افزا مباش ؛ نیکوئی کن تو
نیکو نام شو ؛ بد مکن مشہور در ایذا مباش ؛ داد خواہے را چو بینی دادہ ؛ در رکان جاہ بے سوداً
مباش ؛ زیر دستاں را تواز یاد مبر ؛ غرّۂ این فرق فرقد سا مباش ؛ خلق را محیی تو تا صبح
گشتۂ ؛ پیرو این نفس ناپرو ا مباش ؛ ہان اگر فی زماننا ترقی پکڑی ہے تو ایک باہمی بحث ومباحثہ
نے اسکا خوب چرچا ہی اور وقتاً فوقتاً لوگون کو اسکا شوق بڑھتا جاتا ہی کوئی کسیکو مشرک بناتا
ہی کوئی وہابی کوئی بدعتی کوئی لامذہب کوئی کچھ کوئی کچھ باہمی جھگڑے اور ایک دوسرے کی نسبت
طعن وتشنیع زبانی وتحریری کرنے مین بڑی کوشش واہتمام کرتے ہین اس زمانہ ضعف اسلام مین
یہ اختلاف باہمی اور بھی موجب سستی دین کا ہی حالانکہ خداوند تبارک وتعالی قرآن مجید کے ۲۶ پارہ
کے رکوع ۱۴ مین فرماتا ہی یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا الخ یعنی ای ایمان والو چاہیئے کہ نظر حقارت سے
نہ دیکھے اور نہ مسخرہ پن کرے ایک گروہ تمھارا دوسرے گروہ سے شاید کہ ہون وہ بہتر مسخرہ پن
کرنے والون سے اور عیب نکرو اپنے دین والون کا اس واسطے کہ سب مومن ایک ذات کی مثل
ہین اور نہ پکارو ایک دوسرے کو بُرے لقب سے بدنامی ہے کسیکو فسق کے ساتھ یاد کرنا
بعد دخول ایمان کے اور اسی پارہ کے ۱۳ رکوع مین ارشاد فرماتا ہی اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ
اِخْوَۃٌ یعنی سوائے اسکے نہین کہ مومن لوگ بھائی ہین ایک دوسرے کے دین مین اور ۴ پارہ کے
دوسرے رکوع مین فرماتا ہی وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا یعنی مضبوط پکڑو
دین خدا کو کہ وہ مضبوط پکڑ ہی تم سب کو اور نہ متفرق ہو اور اسی رکوع مین یہ بھی حکم ہی وَ
لَا تَکُوْنُوْا کَالَّذِیْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا یعنی نہو ای مسلمانو نمانند ان لوگون کی جو متفرق
ہو گئے عداوت کی وجہ سے اور ہر فرقہ دوسرے فرقے کا دشمن ہی اور ۱۰ پارہ کے دوسرے
رکوع مین اللہ تعالی فرماتا ہی وَلَا تَنَازَعُوْا فَتَفْشَلُوْا وَتَذْھَبَ رِیْحُکُمْ یعنی آپسمین جھگڑو
پھر نامرد ہو جاؤگے اور جاتی رہیگی ہوا تمھاری پس حضرات مؤمنین نظر انصاف سے ذرہ
غور تو کرین کہ احکام الٰہی کیا ہین اور ہمارے اعمال کیا آیا اخوت اور موافقت کی چال یہی ہے
جو ہمنے اختیار کی ہی نہین نہین بلکہ شرط اخوت یہ ہی کہ باہم اتفاق رکھین اور ایک دل ہو کر ایک
دوسرے کے ساتھ بھلائی اور احسان کرین ہر مومن دوسرے مسلمان بھائی کی بھلائی کو اپنی بھلائی
اور اوسکی بُرائی کو اپنی بُرائی تصور کرے اور اہل اسلام بھائی باہم پیار ومحبت وشفقت والفت
سے بسر کرین اور دینی کامون مین باہمد گر ممد ومعاون ہو کر اپنے بھائیون کی ترقی تعلیم وحفظ صحت
وحسن معاشرت کے لیئے دینی اور حرفت کاری کے مدرسے اور شفاخانے قائم کرین ——
احقر العباد کو جو اللہ جل شانہ نے حج وزیارات حرمین شریفین سے مشرف فرمایا تو سبحان اللہ

سبحان اللہ مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ مین جو دین متین کی ترقی اور مسلمانون کی الفت و موانست باہمی اور دینداری کی کیفیت اور اُن نورانی صورتون کی طرز اخوت دیکھی گئی قلم کی کیا تاب و طاقت ہی کہ اوسکا ایک شمہ بھی لکھ سکے سچ تو یون ہی کہ حرم محترم کعبہ و حرم محشر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین پانچون وقت ہر چہار مصلون حنفی شافعی مالکی حنبلی پر نماز کا وہ اہتمام اور لاکھون نمازیون کا وہ ہجوم ہوتا ہی اور وہ حضوری قلب حاصل ہوتی ہی کہ اوسکا حظ و لطف وہی خوب جانتا ہی جسکو خداوند تبارک و تعالی نے کمال رحمت سے اپنی اور اپنے حبیب کی آستانہ بوسی کا افتخار و احترام بخشا ہی ہر نماز کے وقت متعدد مؤذنون اور مکبرون کا اونچے اونچے مینارون اور تکیہ گاہون پر چڑھکر کمال خوش الحانی اور ذوق قلبی سے اذانین دینا اور باہم آوازین ملاکر بلندی سے تکبیرین کہنا اور عرب العرباء قاریون امامون کا نہایت عمدہ قراءت پڑھنا خصوص نماز جمعہ کا ایک بھاری اہتمام منبر مطہر و محراب مقدس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زینت اور منبر پر خطیب کا واعظانہ و ناصحانہ شان کے ساتھ خطبہ پڑھنا اوس احکم الحاکمین کے دربار کی عجیب شان دکھلاتا ہی خصوص موسم حج مین لکھوکھا حاجیون کا بیت اللہ کا طواف کرنا اور فریادیون کی طرح کعبے کے چوکھٹ کو پکڑکر اور پردون کو چمٹ کر کمال درد کے ساتھ دعائین پڑھنا اور صفا و مروہ مین سعی کرنا مخصوص مسجد آدم ۴ مین عند الظہر خطبہ اور نماز ظہر و عصر کا باجماعت ایک اذان اور دو تکبیر سے پڑھا جانا اور قاضی صاحب کا جبل عرفات کے اوپر ننگے سر اونٹنی پر سوار محراب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے رقت قلبی سے خطبہ پڑھنا اور گرداگرد سارے پہاڑ پر اور میدان عرفات مین جمع ہوکر لاکھون حاجیون کا گداسے لیکر بادشاہ تک یکسان و نہایت عاجزانہ احرام باندھے ہوئے برہنہ سر خطبہ سننا اور اپنے مالک پاک پروردگار تبارک و تعالی کے حضور مین آوازہ لبیک کا بلند کرنا اور عین خوف و رجا کی حالت مین بکمال عجز و زاری خضوع و خشوع سے بچشم تر مناجات و توبہ استغفار کرنا اور اوسوقت انوار تجلیات الہی و آثار رحمت و قبولیت کا ظاہر ہونا اور مابین عصر و مغرب ابر رحمت کا چھا جانا اور رحمت کی بوندین برسنا ایک عجیب شان معبودی اور صفت غفاری و کریمی و رحیمی اوس مالک الملک کا ظہور اور گویا میدان حشر کا نمونہ ہی پھر خطبے کے ختم ہونے کے ساتھ ہی تو پخانۂ سلطانی سے سلامی کا ہونا اور قاضی صاحب اور شریف مکہ معظمہ و نیز وہان کے بادشاہ کی سواری کا دھوم دھام اور فوج سلطانی اور محمل شامی و مصری کا عجب تزک و احتشام اور برابر توپین چلانے اور آتشبازی چھوڑتے ہوئے کمال خوشی و کامیابی سے حاجیون کا باہم مبارکبادیان کہتے ہوئے مزدلفہ مین آنا اور عند العشا وہان مغرب و عشا کا اکٹھے پڑھنا اور خصوص وہان کی شب بیداری مین کیا لطف عبادت اوس معبود برحق وحدہ لاشریک کا ہی اور مزدلفہ سے کنکریان لیکر منا مین آنا اور وہان لکھوکھا جانورون کی قربانی ہونا اور شیطانون کی کنکریان مارنا اوس پروردگار خالق بیچون کی جباری و قہاری کی صفت کا ظہور ہی اللہ اللہ وہان کی عبادات و کیفیات کی حلاوت تا قیامت نہین بھولتی حرم شریف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صلوات خوانی اور صلوۃ خوانون کا حرم مقدس کے میارون پر چڑھکر بلند داؤدی جوش شوق مین ایک نہایت پر اثر آواز سے صلوۃ پڑھنا اور مسجد نبوی مین مابین منبر مطہر اور روضہ منورہ

کے خصوصاً جنت کی کیاری ہین ہر آن صدہا قرآن مجید بے بہا مطلاً قلمی وچھاپے کا عمدہ عمدہ رحلون پر مزین ہوکر پڑھا جانا اور دلائل الخیرات و درود اور ادخوانون کا ہجوم اور مابین اوقات نماز تا اختتام نماز عشا وعظ کا ہونا اور روضۂ منورہ کے سامہنے اور جابجا حرم مبارک مین مجالس مولود شریف کا ہونا اور اہل مجلس کا کمال ادب سے فولدت النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لفظ کے ساتھ ہی بے اختیار تعظیماً کھڑے ہوکر درود پڑھنا کیا جلوہ محمدی دکھلاتا ہی ہزارون زوّار کا مسجد نبوی مین سجدۂ شکرانہ ادا کرنا اور روضۂ منورہ کی ہر طرف صلوۃ وسلام پڑھنا اور حسن عقیدت سے پروانہ وار جی جان سے نثار ہونا اور خود بخود ایک کیفیت ومحبت خاص کا ہر دل مین پیدا ہونا اور دنیا اور حرص وہوا اور شیطانی وسوسون سے دل کا پاک ہوجانا اور ایک محویت و نورانیت کا عالم اوس حیات النبی کا کھلا معجزہ اور اوس رحمۃ للعالمین کی غایت شفقت اور رحمت کا اپنی امت عاصی پر کافی ثبوت ہی قبۂ پُر نور کا نظارہ اور گنبد مبارک کی سبزی و نورانیت وہ دلکو کھینچتی ہی کہ جذب مقناطیسی کی کیا حقیقت ہی غرض ایک عجیب نورٌ علی نور کا عالم ہی صفای قلب و تزکیہ وتحلیۂ نفس وکفارۂ ذنوب کے واسطے اکسیر اعظم ہی کیون نہو خداخود اوس سرور عالم کی شان مین فرماتا ہی بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ بے شبہ مدفن مطہر اوس شفیع المذنبین رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی شان عرش سے بڑھکر ہی **شعر**

يَا خَيْرَ مَنْ دُفِنَتْ فِي التُّرْبِ أَعْظُمُهُ ۞ فَطَابَ مِنْ طِيبِهِنَّ الْقَاعُ وَالْأَكَمُ

نَفْسِي فِدَاكَ لِقَبْرٍ أَنْتَ سَاكِنُهُ ۞ فِيهِ الْعَفَافُ وَفِيهِ الْجُودُ وَالْكَرَمُ

اور بیشک مدینہ عرش کا نگینہ ہی اور وہان کے باشندے بڑے بڑے خوش نصیب اور مبارک لوگ ہین اور کیسے خلیق نرم دل حلیم الطبع رحیم مزاج ہین کہ خلق محمدی اونکی طینت مین ہی عجب متواضع و بامروت و باوفا اور سچے امانت و دیانت دار اور متوکل بخدا ظاہر و باطن یکسان عاشقان صادق و جان نثار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گویا خیر و برکت کی تصویر ہین اونکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اپنی جان و مال و اولاد سے بڑھکر ہی خدا سب مومنون کو اونکی پیروی نصیب کرے اونمین بغض وکینہ وغصہ وتکبر نام کو نہین اگر اجیانا کہین غصہ آبھی گیا اور کوئی کسی سے بول بھی پڑا تو اونکی وہ تر زبانی بھی عبادت سے خالی نہین اوس حالت مین بھی بجای بیہودہ گوئی کے اونکی زبان سے یہ کلمات پاک نکلتے ہین مَا شَاءَ اللّٰهُ - لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ - حَسْبُنَا اللّٰهُ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ نہایت غصے کی یہ کلام ہی لَعَنَ اللّٰهُ عَلَى إِبْلِيسَ سُبْحَانَ اللّٰهِ کیسے پاک لوگ اور کیا لطیف اعتقاد وطریق ہین وہ بدوی جو زوّارون کو اپنے اونٹون پر مدینہ طیبہ مین پہونچاتے ہین عجیب شخص ہین اونمون کو لادتے کھولتے جب وہ اکثر درود وقصائد نعتیہ پڑھتے ہین اور اپس مین بات چیت کرتے ہوئے بجاے قسم بحیات محمدؐ وبحیات النبیؐ کہتے ہین کیسے پیارے معلوم ہوتے ہین اور جسوقت وہ اونٹ کی مہار کاندھے پر رکھے ہوئے مدینۂ طیبہ کی طرف کو کھینچے لیے جاتے ہین اوسوقت تو رک جان ساتھ ہی کھچتی ہی اور یہ کیفیت معلوم ہوتی ہی کہ گویا یہ مبارک لوگ ہمارے ہادی اور راہبر ہین کہ ہمکو اوس شفیع المذنبین خاتم النبیین کی حضوری مین کھینچے لئے جاتے ہین

اگر ہم اپنی آنکھین اُنکے قدمون کے نیچے بچھادین اور ہمارے جہان کی دولت اس احسان کے عوض
ہم اُنپر سے قربان کردین تو بھی کم ہی چہ جای کہ اونکی رضاجوئی مین کوئی کمی کرین کہ یہ تو سراسر اپنا ہی فائدہ
ہی اور احتیاط و خودداری مقتضای عدل و دانشمندی ہے یہ عموماً مسافرین کو ہر سفر مین لازم ہی
کچھ وہین پر حصر نہین ہی پس بعد حصول شرف حج و زیارات بلحاظ دینی ہمدردی راقم نے چاہا کہ کوئی
کتاب جو واسطے رفع مرض سستی و کم رغبتی امور دینیہ و اختلاف باہمی اہل اسلام کے مفید عام ہو ترتیب
کرے چنانچہ بعد کامل فکر و غور کے احکام اوامر و نواہی قرآن مجید کو معہ ترجمۂ اردو تحت لفظی قوسین
کرکے اس کتاب مین جمع کیا گیا اور ہر آیت کے ساتھ سورہ و پارہ و رکوع کا پتہ لکھدیا گیا تاکہ عام و خاص
قرآن شریف کے احکام سے پوری پوری واقفیت حاصل کرکے افراط و تفریط کو چھوڑ دین اور اپنے عقائد
و اخلاق و اعمال و افعال و اقوال قرآن مجید کے مطابق رکھین اور تفرقہ اور اختلاف باہمی رفع ہو۔
کیونکہ اسمین کسی بھائی کو انکار کی گنجایش نہین خواہ اسلام کے کسی فرقے سے ہو۔ اور صحیح ترمذی و
مشکوٰۃ شریف مین جو حدیث حضرت مولی علی مرتضی کرم اللہ تعالےٰ وجہہ سے منقول ہی اوسمین ارشاد ہی
قال اما انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الا انہا ستکون فتنۃ فقلت ما
المخرج منہا یا رسول اللہ قال کتاب اللہ فیہ نبأ ما قبلکم وخبر ما بعدکم وحکم ما بینکم وھو
الفصل لیس بالھزل من ترکہ من جبار قصمہ اللہ ومن ابتغی الھدی فی غیرہ اضلہ اللہ وھو حبل
اللہ المتین وھو الذکر الحکیم وھو الصراط المستقیم ھو الذی لا یزیغ بہ الاھواء ولا تلتبس
بہ الالسنۃ ولا یشبع منہ العلماء ولا یخلق عن کثرۃ الرد ولا تنقضی عجائبہ ھو الذی
لم تنتہ الجن اذ سمعتہ حتی قالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یھدی الی الرشد فآمنا بہ
من قال بہ صدق ومن عمل بہ اجر ومن حکم بہ عدل ومن دعا الیہ ھدی الی صراط مستقیم
ترجمہ فرمایا حضرت علی نے خبردار ہو تحقیق سُنا مینے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے
خبردار ہو تحقیق ہوگا فتنہ یعنی اختلاف واقع ہوگا لوگون مین اور بُرے مذاہب نکالینگے کہا مینے
کسطرح خلاصی ہوگی اوس سے یا رسول اللہ فرمایا کتاب اللہ یعنی طور خلاصی کا اوس سے عمل کرنا ہے
کتاب اللہ پر اوسمین خبر ہی پہلون تمہارے کی یعنی اگلی امتون کی خبرین اور خبر ہی اوس چیز کی کہ
پیچھے تمہارے ہی یعنی علامتین قیامت کی اور احوال قیامت کے اور اوسمین حکم ہی اوس چیز کا کہ واقع
ہی درمیان تمہارے یعنی کفر اور ایمان اور طاعت اور گناہ اور حلال و حرام اور تمام شرائع اسلام
کی اور معاملات آپس کے وہ فرق کرنے والا ہی درمیان حق و باطل کے نہین ہیہودہ جس متکبر نے
چھوڑا قرآن کو ہلاک کریگا اوسکو اللہ اور جسنے ڈھونڈی ہدایت اوسکے غیر مین یعنی کتابون
مین اور علمون مین کہ نہین نکالی گئی قرآن سے اور نہ موافق ہین ساتھ اوسکے گمراہ کریگا اوسکو اللہ
اور وہ رسّی اللہ کی ہی استوار یعنی وسیلہ قوی ہی معرفت اور قرب الٰہی کا اور وہ ہی مذکور باحکمت اور
وہ راہ ہی سیدھی اور وہ ایسا ہی کہ نہین کج ہوتین بسبب اتباع اوسکے خواہشین حق سے طرف
باطل کی اور نہین ملتین ساتھ اوسکے زبانین اور نہین سیر ہوتے اوس سے علماء اور نہین پُرانا ہوتا

بسبب کثرت مزاولت کے اور نہین تمام ہوتے عجائب اوسکے اور وہ ایسا ہی کہ نہ توقف کیا جنّون نے اوسوقت کہ سُنا اوسکو یہانتک کہ کہا تحقیق ہمنے سُنا قرآن عجب راہ بتاتا ہی طرف ہدایت کی پس ایمان لائے ہم ساتھ اوسکے جسنے کہا موافق اوسکے اوسنے سچ کہا اور جسنے عمل کیا ساتھ اوسکے ثواب دیا جاویگا اور جسنے حکم کیا ساتھ اوسکے یعنی درمیان لوگون کے انصاف کیا اوسنے عدل کیا اور جسنے بُلایا یعنی خلق کو طرف اوسکی ایمان لانے اور عمل کرنے کے اوسپر راہ دکھایا گیا طرف سیدھی راہ کی **اور** حضرت حذیفہ رضؓ کی حدیث مین ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے بعد اپنی امت کے اختلاف اور پھُٹنے کی خبر دی تو فرماتے ہین کہ مینے آپ کی خدمت مین عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر مین اوسوقت کو پاؤن تو آپ مجکو کیا حکم فرماتے ہین آپ نے فرمایا کہ کلام اللہ کو سیکھنا اور اوسکے بموجب عمل کرنا کہ نکاس کی صورت وہ ہی ہی مینے تین بار بھی سوال کیا آپ نے یہی فرمایا کہ کتاب اللہ کو سیکھنا اور جو کچھ اوسمین ہی اوسپر عمل کرنا کہ نجات اوسی مین ہی **پس** ای میرے پیارے دینی بھائیو کتاب اللہ کو سیکھو اور اوسکے مامورات کو لازم پکڑو اور منہیات سے پرہیز کرو۔ اور سمجھ لو کہ ہمکو خدا نے اِن جھگڑون کے واسطے پیدا نہین کیا ہی جنہین ہم اولجھے ہے ہین بلکہ واسطے عبادت کے پیدا کیا ہی جیسا کہ ۲۷ پارہ کے ۲ رکوع مین اللہ تعالی فرماتا ہی وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ یعنی نہین پیدا کیا مینے جنّون اور آدمیون کو مگر اس واسطے کہ عبادت کرین میری پس بھائیو اوسکی عبادت کرو اور اوسی معبود احد احد کو اپنا خالق رازق کارساز حاجت روا عزت بخشنے والا ذلت دینے والا پالنے والا مارنے والا اور پھر زندہ کرنے والا اور ہر جگہ اپنے ساتھ قریب تر رگ جان سے سمجھو اور اوس وحدہ لاشریک پر اور اوسکے فرشتون اور کتابون اور رسولون اور قیامت و آخرت اور مرنے کے بعد پھر زندہ ہونے اور اوسکی تقدیر پر سچے دل سے ایمان رکھو اور ملت حنفیہ دین اسلام پر مستقیم رہو جنت و دوزخ کو حق سمجھو جزا و سزا آخرت کے معتقد رہو موت کو ہر لحظہ یاد رکھو **شعر** الایا ساکن القصر المعلّٰی ؛ ستدفن عنقریب فی التراب ؛ لمَلَکٌ ینادی کل یوم ؛ لِدوا للموت وابنوا للخراب ؛ قلیل عمرنا فی دار دنیا ؛ ومرجعنا الی بیت التراب ؛ شرک سے بچو کیونکہ خداوند تعالی شرک سے سخت بیزار ہی اور ۵ پارہ کے ۳ رکوع مین فرماتا ہی کہ تحقیق خدا نہین بخشتا اوسے جو شرک کرے ساتھ خدا کے اور ۶ پارہ کے ۱۴ رکوع مین فرماتا ہی کہ تحقیق جو کوئی شرک کرے ساتھ خدا کے پس تحقیق حرام کردی ہی اللہ نے اوسپر جنت اور جگہ اوسکی دوزخ ہی اور اللہ اور اوسکے رسول کی فرمان برداری و پیروی و محبت کو اپنی جان و مال و مان باپ و اولاد سب سے بہتر اور مقدم جانو اور اون آیات کو جو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور اونکے اہل بیت اطہار اور اصحاب کبار رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کے شان پاک مین نازل ہوئین ہین اور قریب تمام کے اس کتاب مین جمع ہین غور سے دیکھو کہ اوس معبود برحق نے کیا کیا عظمت و مدارج و اوصاف اپنے حبیب کریم اور اونکی ذریات طیبات کی بیان فرمائی ہین اور ہمکو اونکی اطاعت اور فرمان برداری اور ادب و تعظیم کرنے اور اوپر درود

وسلام بھیجتے رہنے کے کیسے کیسے تاکیدی ارشاد فرمائے ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو
عین خدا کی اطاعت اور اونکی محبت کو خدا کی رضا سمجھو دیکھو وہ قادر مطلق ہ پارہ کے ۱۸ رکوع
مین فرماتا ہی مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ یعنی جو کوئی اطاعت کریگا رسول کی پس تحقیق
کہ اوسنے اطاعت کی اللہ کی ر باعی آنرا کہ اطاعتِ محمدؐ باشد ؛ گنجش ز قناعتِ محمدؐ باشد ؛
گر بہت امید رحمتے عاصی را ؛ آنہم ز شفاعتِ محمدؐ باشد ؛ اتباع سنت نبوی اور آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے اصحاب کبار و ائمۂ اطہار و تابعین و تبع تابعین و علماء و محدثین و فقہاء و مجتہدین کی
پیروی کرو اور ترقی تعلیم قرآن و حدیث و فقہ و حکمت وغیرہ علم دین مین سعی کرو نماز مین کبھی غفلت
مت کرو پانچون وقت پاکی وصفائی سے مسجدون مین حاضر ہو کر باجماعت ادا کیا کرو کہ کلام اللہ
مین بیانِ سی بار نماز کا حکم آیا ہی نماز مین سستی کرنا یا معاذ اللہ نماز کا نہ پڑھنا موجب کمال ناراضگی
وخفگی مالک معبود کا ہی خدا کی یاد اور اوسکی تسبیح و تقدیس و تمجید و تہلیل و تکبیر سے ایک دم بھی غافل
نہو اور اوسکی جناب مین عاجزی اور شرمساری سے گڑگڑا کر اور رو رو کر دعائین و استغفار کرتے رہو
مثنوی نالہ میکن کای تو علّام الغیوب ؛ انتقام از ما مکش اندر ذنوب ؛ ای کریم العفو ستار العیوب
زیر سنگ مکر بدما را مکوب ؛ چون خدا خواہد بما یاری کند ؛ میل ما را جانب زاری کند ؛ جب ماہ رمضان ہو
روزے رکھو اور جب استطاعت ہو حج کرو اور زکوۃ و صدقات و ایثار سے مسکینون و محتاجون کی
خدمت کرتے رہو کچھ دیکر احسان مت کرو اور سائل کو کبھی مت جھڑکو بخل ہرگز مت کرو کہ بخل بدترہے
اور بخیل بڑا شقی ہی ریا اور اسراف و فضولخرچی بھی نکرو سلامت روی کی چال پکڑو جسکی خداوند عالم
۱۹ پارہ کے ۴ رکوع مین تعریف فرماتا ہی وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ
بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا یعنی اور وہ لوگ کہ جب اونھون نے خرچ کیا نہ اسراف کیا اور نہ حد سے بڑھایا اور
نہ تنگ پکڑا اور بخل کیا یعنی اللہ کا مقرر کیا ہوا حق مستحق سے نروکا اور تھا خرچ کرنا اونکا اسراف اور
بخل کے درمیان مین سیدھا کھڑا رہنا یعنی اعتدال کی راہ چلے اور اسراف اور بخل سے بچتے رہے
ماں باپ کے ساتھ بھلائی اور احسان کرو اور اونکی فرمان برداری و ادب و تعظیم و تواضع و رضاجوئی
کرتے رہو اور اونسے کلام نرم اور اونکے حق مین دعا کیا کرو بیت جنت کہ رضائے مادر آن ست ؛
اندر تہ پائے مادران ست ؛ اور احسان کرو ساتھ قرابت والون اور یتیمون کے دلنوازی اور کارسازی
کرکے اور ساتھ پڑوسی قرابت والون کے شفقت اور مہربانی کرکے اور ساتھ پڑوسی اجنبی اور پڑوسی
کافر کے بھی اور بھلائی کرو ساتھ ہمنشین و ہمصحبت اور راہ چلتون اور مہمانون اور مسافرون اور
لونڈی اور غلامون کے بیت دستگیری گر کنی ہمسایۂ درویش را ؛ پایمبر در بہشت ہمسایہ بینی
خویش را ؛ بلکہ جو کوئی تمھارے ساتھ بُرائی یا دشمنی کرے تم اوسکے ساتھ بھلائی اور نیکی کرو اور
احسان مین سب سے بہتر قسم یہ ہی کہ اون لوگون کے ساتھ بھلائی کرے جنھون نے اسکے ساتھ
بُرائی کی ہو حتی الوسع والامکان تہذیب اخلاق مین کوشش کرو جیسا کہ شدّ حل شانہ نے ۴ پارہ کے
۵ رکوع مین فرمایا ہی وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

یعنی اور بند کرنے والے غصے کے اور معاف کرنے والے لوگون سے اور اللہ دوست رکھتا ہی احسان
کرنے والون کو آور ۱۹ پارہ کے ۴ رکوع مین ہی وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِیْنَ یَمْشُوْنَ عَلَی الْاَرْضِ هَوْنًا
الخ یعنی بندے رحمان کے وہ ہین جو چلتے ہین اوپر زمین کے آہستہ آور اسی رکوع مین فرماتا ہی
وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا کِرَامًا یعنی اور جسوقت گذرتے ہین ساتھ بیہودہ کے گذرتے ہین
بزرگانہ آور ۲۱ پارہ کے ۱۱ رکوع مین فرماتا ہی وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ
الخ یعنی اور بیچ کی راہ لے چال اپنی کی اور نرم کر آواز اپنی آیسی اور بہت سی آیات باب تہذیب
اخلاق مین جمع ہین اونکو پڑھو اور یاد کرو اور خلق محمدی اختیار کرو ؎ با خلاق الٰہی متصف
بودن اگر خواہی ؛ سراپا سیرت وخوی محمد شو محمد شو ؛ ورع وتقوی وتوکل وصبر وشکر ورضا
وتسلیم عفو ورحم وحلم وفروتنی کی چال پکڑو ؎ این زمین از حلم حق دارد اثر ؛ تا نخاست بر دو
گلہا داد بر ؛ خندہ خواہی رحم کن بر اشکبار ؛ رحم خواہی بر ضعیفان رحم آر ؛ ؎ چو بینی
خلق و درگذاری ؛ ترا زیبد طریق بردباری ؛ اگرچہ دامنت را می درد خار ؛ توگل باش ودامان پر خندہ
میدار ؛ طلب علم ودعوت الی الخیر امر معروف نہی منکر مین ساعی رہو وعظ ونصیحت سنتے سناتے
اور اپنے اہل وعیال کے ساتھ حسن معاشرت اور اونکے حقوق شرعی مہر ونفقہ وغیرہ ادا کرتے رہو
مسائل نکاح ومباشرت وایلاء وطلاق ورجعت وعدت وخلع وظہار ووصیت وترکہ
ومیراث واموال یتیمان سیکھتے سکھاتے اور اونپر عمل کرتے رہو پردہ وستر وحجاب مین کوشش
کرو وغیرہ کے گھر مین بے اجازت مت گھسو نامحرمون پر نظر مت ڈالو - ایک دوسرے پر سلام کرنے
اور جواب سلام دینے کو لازم پکڑو - حلال کھاؤ - بیع وتجارت مین ناپ اور تول پورا رکھو - حیوانات
مردار وغیرہ محرمات وشراب واموال باطل رشوت وسود وغیرہ سے بچو - مفلس قرضدارون کو تا
تواںگری مہلت اور بحالت مقدور حاجتمندون کو قرض حسنہ دیا کرو - ادائے امانت ووفائے عہود وعقود
پر ثابت قدم رہو - جب وعدہ کرو بدون انشاء اللہ کہے مت کرو - سچ بولو - سچی گواہی دو - عدل کرو -
اپنی غرض نفسانی یا بغض دلی اور دشمنی کی وجہ سے کسی کی حق تلفی مت کرو - انصاف کو ہاتھ سے
نہ دو - دیکھو ۶ پارہ کے ۶ رکوع مین خدا کیا فرماتا ہی وَلَا یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓی اَنْ
لَّا تَعْدِلُوْا اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی یعنی اور نہ لائے تمکو دشمنی کسی قوم کی اوپر بات کے
کہ عدل نکرو عدل کرو کہ عدل بہت نزدیک ہی واسطے پرہیزگاری کے ؎ عدل کن زانکہ دولت دل ؛ در پیغمبری زند عادل ؛ عدل مشاطہ ایست ملک آرای ؛ دین ودولت زعدل ماند بجای ؛
اول خبرون کی تحقیق کر لیا کرو جیسا کہ ۲۶ پارہ کے ۱۳ رکوع مین خدا فرماتا ہی یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا
اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَیَّنُوْٓا اَنْ تُصِیْبُوْا قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰی مَا فَعَلْتُمْ نٰدِمِیْنَ
یعنی ای ایمان والو اگر آئے تمہارے پاس کوئی جھوٹا کسی خبر سمیت یعنی کوئی خبر لائے جو رنج کی باعث
ہو تو کھوج کرو اور جوب دریافت کر لو تاکہ نہ پہونچاؤ کوئی مکروہ امر کسی گروہ کو نادانی سے پھر ہو جاؤ تم
اوسبات پر جو تمنے کی نادم اور پشیمان یعنی کسی فاسق کی دی ہوئی خبر پر اعتماد کر کے کام مین جلدی

نہ کر بیٹھا کرو۔ اور ناحق کسی بیگناہ یا زیردست پر دست تعدی دراز کر کے اس چند روزہ زندگانی مستعار کے لئے ظلم و ستم مت کرو۔ مظلومون کی آہ اور خدای جبار و قہار کے غضب سے ڈرو دیکھو خدا تعالے ۷ پارہ کے ۵ رکوع مین فرماتا ہی فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا یعنی کاٹی گئی جڑ اوس قوم کی جو ظالم تھے اور ۱۶ پارہ کے ۶ رکوع مین فرماتا ہی وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا یعنی تحقیق نامراد ہوا جسنے اوٹھایا ظلم مثنوی مولانا روم ای زنندہ بیگناہان راقضا ؛ در قضائے خود می بینی چرا ؛ بے خیانت بے گنہ نے بیش و کم ؛ ملحدان جائز ندارند این ستم ؛ ای کہ تو از ظلم چاہے میکنی ؛ از برائے خویش دامے می تنی ؛ بہر مظلومان ہمی کاوند چاہ ؛ خود ہمی افتند و میگویند آہ ؛ گرد خود چون کرم پیلہ بر متن ؛ بہر خود چہ می کنی اندازہ کن ؛ مر ضعیفانرا تو بے خصمے مدان ؛ از نبی اِذْ جَآءَ نَصْرُ اللّٰہ بخوان ؛ گر تو بیلی خصم تو از تو رمید ؛ نگ جزا کِیْدًا اَبَابِیْلت رسید ؛ تو مر اچون برّہ دیدی بے شبان ؛ تو گمان بردی ندارم پاسبان ؛ حارسے دارم کہ ملکش می سزد ؛ داند او بادے کہ بر من می وزد ؛ گر ضعیفے در زمین خواہد امان ؛ غلغل افتد در سپاہِ آسمان ؛ گر بنالد آسمان گریان شود ؛ ور بگرید چرخ یارب خوان شود ؛ خصم ظلم و مکر تو اللہ باد ؛ دست عقل تو ز ما کوتاہ باد ؛ قول سعدی آتش سوزان نکند با سپند ؛ آنچہ کند دود دلِ دردمند ؛ نیم شبے آہ زندہ پیر زال ؛ دولت صد سالہ کند پایمال ؛ ای زبردست زیردست آزار ؛ گرم تا کے بماند این بازار ؛ بچہ کار آیدت جہانداری ؛ مردنت بہ کہ مردم آزاری ؛ کسی کو جفا و ستم می کند ؛ یقین ست کو بیخ خود می کند ؛ نماند ستمگار بد روزگار ؛ بماند برو لعنت کردگار ؛ کفر و نفاق و قتل و ڈکیٹی و رہزنی و سرقہ و خیانت و کم وزنی و کمی پیمایش و فحش و زنا و افلام و تہمت و بہتان و کذب و افتراء و حسد و کبر و غرور و خود پسندی سے احتراز کرو ؛ موسیٰ فرعون را تا رود نیل ؛ می کشد بالشکر و جمع تقیل ؛ پشّہ نمرود را بانیم پر ؛ می شگافد بے محابا مغز سر ؛ بدگانی تجسس و غیبت و تمسخر و عیب جوئی مت کرو یہ بڑا عیب ہی ؛ چون خدا خواہد کہ پردہ کس درد ؛ میلش اندر طعنۂ پاکان زند ؛ ور خدا خواہد کہ پوشد عیب کس ؛ کم زند در عیب معیوبان نفس ؛ فساد و دشنام دہی وغیرہ جرائم صغیرہ و کبیرہ سے بچو۔ کسی کا راز فاش مت کرو۔ تھوڑا ہنسو بہت رو ؛ باش چون دولاب نالان چشم تر ؛ تا ز صحن جانت بر روید خضر ؛ دنیا گذشتنی و گذاشتنی محض ناپایدار ہی۔ اور اسکے کسی کام کو ثبات و قرار نہین ہی اور بمقابلۂ عاقبت قلیل و ذلیل و خوار و بے اعتبار ہی فَاعْتَبِرُوْا یٰٓاُولِی الْاَبْصَارِ ؛ ندارد کار دنیا اعتبارے ؛ اگر دارد دو روزے یا سہ چارے ؛ بغفلت می گذاری روزگارے ؛ مگر در گور خواہی کرد کارے ؛ تحرّز من الدنیا فان فناءھا ؛ محل فناء لا محل بقاء ؛ فصفوتہا ممزوجۃ بکدرۃ ؛ وراحتہا مقرونۃ بعناء ؛ پس عقلمند وہی کہ اس تھوڑی سے فانی زندگی کو بہت اور باقی رہنے والی صالحات مین صرف کرے تا کہ آخرت مین حسرت و ندامت سے کف افسوس نہ ملے کما قال اللہ تعالے پارہ ۲ رکوع ۱۱ وَابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا یعنی طلب کر بیچ اوس چیز کے کہ دیا ہی

تجکو اللہ نے گھر آخرت کا اور مت بھول حصہ اپنا دنیا سے اور ۱۹ پارہ کے ۱۳ رکوع مین فرماتا ہی وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ اور کٹ جا خلق سے اور توجہ کر اوسکی عبادت کی طرف کٹنا پورا یعنی اپنے نفس کو ماسوی اللہ کے خیال سے خالی کر اور بالکل اوسی کی طرف متوجہ ہو جا بقول حضرت مولانا شاہ بندگی اسمعیل صاحب سرہندی قدس سرہ العزیز ؎ بجوان حلاج بدستی بکن ؛ برنگین و تخت دم ہستی مزن ؛ آن انا الحق گفتہ و بر دار شد ؛ اوز گم انگشتری بیکار شد ؛ نے سلیمان باش و نے منصور شو ؛ از خودی بگذر بحق مامور شو ؛ مگر جان لے ؎ چیست دنیا از خدا غافل بُدن ؛ نے قماش و نقرہ و فرزند و زن ؛ دنیا کی جاہ و حشم پر ہرگز مت بھولو اور اوسکی نعمتون اور کثرت اموال و اولاد پر مغرور مت ہو خبردار ہو یہ امتحان الٰہی ہی - دیکھو پاک پروردگار ۷ پارہ کے ۵ رکوع مین فرماتا ہی فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ الخ یعنی پھر جب بھول گئے وہ چیز کہ نصیحت کیئے گئے تھے ساتھ اوسکے کھولدئے ہمنے اوپر اونکے دروازے سب چیزون کے یعنی ہمنے اونکا امتحان کیا یہانتک کہ خوش ہوئے ساتھ اوس چیز کے تو پکڑلیا ہمنے اونھین ناگہان پھر وہ عذاب دیکھنے والے پشیمان اور ناامید تھے ؎ ابتلایم می کنی آہ الغیاث ؛ ای ذکورا از ابتلایت چون اناث ؛ اپنے علم و فضل و عقل و دانش و زور و زر عبادت و دیانت کے بھروسے پر بیبنت مکر الٰہی سے بیخوف مت ہو جیساکہ ۹ پارہ کے ۱۲ رکوع مین فرماتا ہی اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ فَلَا يَاْمَنُ مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ یعنی کیا پس نڈر ہو گئے مکر اللہ کے سے پس نڈر نہین ہوتے مکر اللہ کے سے مگر قوم ٹوٹا پانے والی اور خدا کی رحمت سے ہرگز ہرگز کسی حال مین بھی ناامید نہو کیونکہ ناامیدی کفر ہی وہ بڑا غفور رحیم ہی دیکھو ۲۴ پارہ کے ۳ رکوع مین خود فرماتا ہی قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ یعنی کہ ای محمد صلعم ای ہمارے وہ بندو جنھون نے اسراف کیا ہی اوپر ذاتون اپنی کے یعنی گناہون مین افراط کی ہے اور حد سے زیادہ کیئے ہین ناامید نہو اللہ کی رحمت سے بیشک اللہ بخشدیگا گناہ سب بیشک وہ بخشنے والا ہی گناہون کا مہربان ہی بندون پر چنانچہ یہ مقولہ اپنے حسب حال ہے ؎ ندارم ہیچگونہ توشۂ راہ ؛ بجز لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؛ نفرمودی کہ نومیدی مبارید ؛ زمن لطف و عنایت چشم دارید ؛ از یمعنی بسے امید واریم ؛ ز تو لطف و عنایت چشم داریم ؛ امید دردمندان را رواکن ؛ دل امیدواران را روا کن ؛ ؎ چو نتوادی مژدۂ لَا تَقْنَطُوْا ؛ پس چرا ترسم ز عصیان و عتو ؛ چو نتو ہر شکستہ را سازی درست ؛ پس خطا بر امید عفو تست ؛ ؎ گرچہ داری طاعتے از ہیبتش ایمن مباش ؛ در گنہگاری رفیض رحمتش دل بر مدار ؛ نیک ترسان شو کہ قہر او ست افزون از قیاس ؛ باش بس خوشدل کہ لطف اوست افزون از شمار ؛ مگر در توبہ کھلا ہی توبہ کرو اور گناہون سے باز آؤ ربا عی باز آ باز آ ہر آنچہ ہستی باز آی ؛ گر کافر و رندو می پرستی باز آی ؛ این درگہ ما درگہ نومیدی نیست ؛ صد بار اگر توبہ شکستی باز آی

مناجات و استغفار بدرگاہ مجیب الدعوات از عاصی پر معاصی اعنی عبد الصمد مؤلف کتاب

ہستم نہایت ناسزا استغفر اللہ العظیم
درفسق و عصیان مبتلا استغفر اللہ العظیم

بدکارم و بدگفتہ ام بد ماندہ ام بدکردہ ام
ہستم سراسر پر خطا استغفر اللہ العظیم

جرمم بسے بے انتہا بیحد گناہ این گدا
ہستم گرفتار ہوا استغفر اللہ العظیم

از نفس و شیطان عاجزم حرص و ہوا دارد مرا
غافل زامر کبریا استغفر اللہ العظیم

توبہ ز بد کردار ہا کردم شکستم بارہا
شرمندہ ام زین کارہا استغفر اللہ العظیم

بس عاجزم ہمشکل کاہ بر پشت من کوہ گناہ
آوردہ ام سویت پناہ استغفر اللہ العظیم

آمد کفایت بر درت نومید از خلق جہان
بس دلحزین و پر درد ہا استغفر اللہ العظیم

آوردہ ام پیشت شفیع نام محمد باصمد
بخشی مرا جرم و خطا استغفر اللہ العظیم

بہر شفیع المذنبین ہم رحمۃ للعالمین
ارحم علی عصیانا استغفر اللہ العظیم

یارب باحمد مجتبیٰ یارب بآل مصطفے
مشکل کشا حاجت روا استغفر اللہ العظیم

بہر امیر المؤمنین صدیق اکبر شاہ دین
وان جانشین مصطفے استغفر اللہ العظیم

یارب بسیدنا عمر فاروق اعظم رحم کن
ہستیم بے برگ و نوا استغفر اللہ العظیم

یاربنا بطفیل ذی النورین عثمان غنی
سہل لنا اشکالنا استغفر اللہ العظیم

یارب بآن مولائے ما حضرت علی مرتضیٰ
کن حل مشکلہائے ما استغفر اللہ العظیم

بہر امام دین حسن ہم سید الشہدا حسین
وان نور عین مصطفے استغفر اللہ العظیم

یارب بسیدۃ النسا الفاطمہ بنت رسول
اغفر لنا وارحم لنا استغفر اللہ العظیم

یارب بغوث الاعظم و محبوب سبحانی لقب
وآن شاہ جیلان پیرما استغفر اللہ العظیم

یارب بعبد القادر سید محی الدین بکن
فضل و کرم جود و عطا استغفر اللہ العظیم

یارب کریم انت الکریم غفار و رحمن و رحیم
ای رحمت بی منتہا استغفر اللہ العظیم

ای چارۂ بیچارگان وی کارساز بیکسان
آسان بکن دشوارہا استغفر اللہ العظیم

ای خالق ارض و سما بیکس غریبم بے نوا
خواہم ز تو من لطفہا استغفر اللہ العظیم

فرمودۂ لَا تَقْنَطُوْا با عاصیان اسرفوا
از رحمت بے انتہا استغفر اللہ العظیم

کس بدترین عاصیان مثلم نباشد در جہان
بر حال من رحمت نما استغفر اللہ العظیم

فرمودۂ حکم دعا ما را بحق والدین ۞
یَا رَبِّنَا ارْحَمْهُمَا استغفر اللہ العظیم

مضطر مریضم لا دوا امید دارم یک تدح
زان شربت دار الشفا استغفر اللہ العظیم

جب جواہر الصمدیہ ایکہزار جلد چھپ چکین اور قرب وجوار و دیار و امصار مین سب صرف ہولین اور اکثر پڑھنے والے اسکے سب احکام قرآن مجید سے واقف ہوگئے اور بہت سے یار و اغیار مصر و دلی شوق سے خواستگار ہوئے کہ اسمین چند باتون کی آسانی ضرور کر دیجیئے اور خدا کے واسطے یہ محنت اور گوارا کیجیئے ایک تو یہ کہ جہان جہان کہین اس کتاب مین بغرض اختصار آیت کا شروع لکھکر الخ کا اشارہ کیا گیا ہی وہان بلحاظ طوالت کتاب ہر حکم خواہ اوسکی ایک آیت ہو خواہ متعدد آیتین ہون پورا پورا لکھا جانا چاہیئے دوسری یہ کہ جیسا مثلاً احکام نکاح و محرمات نکاح و مہر و مباشرت و طلاق و رجعت و خلع و عدت ایک باب مین جمع کی گئی ہین انمین سے ہر حکم کا جدا جدا باب ہونا چاہیئے یعنی احکام نکاح جدا اور احکام محرمات نکاح جدا و احکام مہر جدا و مباشرت جدا و احکام طلاق و رجعت جدا اور احکام عدت جدا تاکہ عند الحاجت جو حکم مطلوب ہو آسانی سے نکل سکے پس اگرچہ یہ کام بڑا بھاری اور نہایت محنت کا تھا اور گویا کتاب کا از سر نو مرتب کرنا تھا لیکن للّٰہی کام سمجھکر امداد الٰہی کے بھروسے پر بر فاہ عام و افاضہ انام کے لیئے کمر ہمت چست باندھی اور دو سال تک اسمین کمال جانفشانی کی اللہ کا شکر ہی کہ اوسنے اپنے فضل و کرم سے بحسن و خوبی اس کام کو انجام پہونچایا اور کمال شرح و بسط کے ساتھ یہ ایک ایسا لاجواب مجموعہ مرتب ہوگیا کہ امور مسبوق الذکر کی بھی پوری صراحت و تفصیل و اصلاح ہوگئی اور نیز ایک خانہ رکوع پارہ کا بھی ایزاد ہوگیا اور کتاب بھی دو حصہ ہوگئی حصۂ اول احکام الایمان والعقائد و حصۂ دوم احکام الاعمال والافعال ؎ عرض کرتا ہون مین سب سے دست بستہ صاف صاف ؛ گر خطا ہو کیجئے اصلاح یا کیجے معاف ؛ اور نام اسکا جواہر الصمدیہ فی احکام القرآنیہ رکھا گیا۔

اللھم تقبل منا واغفر لنا ولآبائنا وامھاتنا وازواجنا واصولنا وفروعنا واصہارنا وشیوخنا واساتذتنا ولاصحابنا ولاحبابنا ولعشائرنا ولقبائلنا ولمن لہ حق علینا ولجمیع امۃ محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام وقنا ربنا شر ما قضیت وقنا عذاب النار وعذاب القبر وعذاب یوم القیمۃ واحشرنا مع المتقین والابرار واجعل آخر کلامنا من الدنیا عند انتہاء اجالنا قول لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ وازواجہ وذریاتہ واہل بیتہ اجمعین برحمتک یا ارحم

اعلان

چونکہ یہ کتاب بموجب قانون بستم ۱۸۷۷ عیسوی داخل رجسٹری گورنمنٹ ہوگئی ہی لہذا کوئی صاحب اہل مطابع وغیرہ سے اسکے چھاپنے کا قصد نکرین جس صاحب کو مطلوب ہو عہ قیمت معہ محصول بھیجکر نیازمندسے طلب فرمالین ط المشتہر

محمد عبد الصمد سابق نائب ناظم ریاست پٹیالہ مؤلف کتاب

رَبِّ یَسِّرْ وَتَمِّمْ بِالْخَیْرِ

اَحْکَامُ الْاِیْمَانِ وَالْعَقَائِدِ

تَحْمِیْدِ بَارِیْ تَعَالٰی عَزَّوَجَلَّ

سیپارہ	سورۃ	رکوعات: رکوع پارہ کا	رکوعات: رکوع سورۃ کا	آیات معہ ترجمہ اردو کی
				بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
				شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنے والے مہربان کے
				اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝
				سب تعریف واسطے اللہ کے جو پروردگار عالموں کا ہے بخشش کرنے والا مہربان خداوند دن جزا کا
				اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ
				تجھی کو عبادت کرتے ہیں اور تجھی سے مدد چاہتے ہیں دکھلا ہمکو راہ سیدھی راہ
				الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝
				اون لوگوں کی کہ نعمت کی ہے تو نے اوپر اونکے سوا اونکے جو غصہ کیا گیا ہے اوپر اونکے اور نہ گمراہوں کی
				وَاِذْ سَمِعُوْا
				وَلَوْ اَنَّنَا
				لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝
				بیشک لائے تھے رسول ہمارے رب کے تحقیق بات اور آواز ہوئی کہ یہ جنت ہے وارث ہوئے تم اوسکے بسبب اسکے کہ تھے تم کرتے
				اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جسنے نہیں پکڑی اولاد نہیں واسطے اوسکے شریک بیچ
				الْمُلْكِ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا ۝
				بادشاہی کے اور نہیں ہے واسطے اوسکے دوست بچانے والا ذلت سے اور بڑائی کر اوسکو بڑائی کرنا
				اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ۝
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جسنے اُتاری اوپر بندے اپنے کے کتاب اور نہ کی واسطے اوسکے کجی

قراظم	المؤمنون	۲	۲	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی جس نے نجات دی ہمکو قوم ظالموں کی سے
قال الذین	النمل	۱۷	۲	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی جس نے بزرگی دی ہمکو اوپر بہتوں بندوں اپنے ایمان دار وں کے
〃	〃	۲۰	۵	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ط
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی اور سلام اوپر بندوں اوسکے کے جنکو برگزیدہ کیا
وتمن یقنت	السبا	۷	۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ ط
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی وہ جو واسطے اوسکے ہی جو کچھ بیچ آسمانوں کے ہی اور جو کچھ بیچ زمین کے
ایضًا	الفاطر	۱۳	۱	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی پیدا کرنے والا آسمانوں اور زمین کا کرنے والا
				الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ط
				فرشتوں کا پیغام لانے والے پروں والے دو دو اور تین تین اور چار چار
				يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝
				زیادہ کرتا ہی بیچ پیدائش کے جو کچھ چاہتا ہی تحقیق اللہ اوپر ہر چیز کے قادر ہی
ایضًا	ایضًا	۱۶	۴	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ط اِنَّ رَبَّنَا
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی جسنے دور کیا ہم سے غم تحقیق پروردگار ہمارا
				لَغَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝ نِ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ
				البتہ بخشنے والا قدردان ہی جسنے اوتارا ہمکو بیچ گھر ہمیش رہنے کے مہربانی اپنی سے
				لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ۝
				نہیں لگتی ہمکو بیچ اوسکے محنت اور نہیں لگتی ہمکو بیچ اوسکے ماندگی
وظلم	الزمر	۵	۸	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا
				سب تعریف واسطے اللہ کے ہی جسنے سچا کیا ہمسے اپنے وعدے کو اور وارث کیا ہمکو
				الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَآءُ ۝
				زمین بہشت کا جگہ پکڑتے ہیں ہم بہشت سے جہاں چاہتے ہیں
الیہ یرد	الجاثیہ	۲۰	۴	فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
				پس واسطے اللہ کے ہی سب تعریف پروردگار آسمانوں کا اور پروردگار زمین کا پروردگار

آیات تہلیل

سیقول	البقر	۳	۱۹	وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝
				اور معبود تمہارا معبود ایک ہی نہیں کوئی معبود مگر وہ بخشش کرنے والا مہربان

تنکہ الرسل	البقر	۳	۳۴	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
				اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہمیش رہنے والا نہیں پکڑتی اوسکو
				سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
				اونگھ اور نیند واسطے اوسکے ہی جو کچھ بیچ آسمانوں اور جو کچھ بیچ زمین کے ہی
				مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ
				کون ہی وہ جو سفارش کرے نزدیک اوسکے مگر ساتھ حکم اوسکے کے جانتا ہی
				مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
				جو کچھ آگے اونکے ہی اور جو کچھ پیچھے اونکے ہی اور نہیں گھیرتے
آسمانوں				بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
				ساتھ کسی چیز کے علم اوسکے سے مگر ساتھ اوس چیز کے کہ چاہتا ہی سمالیا کرسی اوسکی نے
				وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝
				اور زمین کو اور نہیں تھکاتی اوسکو نگہبانی اون دونوں کی اور وہ ہی بلند مرتبہ بڑا
تنکہ الرسل	آل عمران	۹	۱	اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝
				اللہ نہیں کوئی معبود مگر وہ زندہ ہی قائم رہنے والا
تنکہ الرسل	آل عمران	۹	۱	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝
				نہیں کوئی معبود مگر وہ غالب حکمت والا
